© rasailojaraid.com



لازمی ہے۔ ہر لائبریری میں اس کتاب کو ہونا چاہئے۔

کتاب کا نام : طلباء کو جدید دور کا چیلنج

مصنف : مفتی اختر حسین بہاولپوری

ناشر : شعبہ تصنیف وتالیف جامعہ محمدیہ گلستان سوسائٹی کراچی

قیمت وصفحات : درج نہیں، ۲۹۸ صفحات

آج کے نوجوان طلباء جو کچھ کرنے کا عزم رکھتے ہیں، ان میں کچھ کرنے کی صلاحیتوں کو بیدار کرنے کے لئے یہ کتاب مہمیز کرتی گا۔ ہر نوجوان کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہئے، خاص کر کالج اور یونیورسٹی کے طلباء کو۔ اس کتاب کا پیغام ہے ہر فرد کو دنیاوی واخروی مفاد میں کوئی کارنامہ انجام دینا چاہئے، جو عالمی سطح پر پہچانا جائے یا کم ازکم علاقہ کی سطح پر۔ ناامیدوں کے لئے یہ کتاب امید کی کرن ہے۔

کتاب کا نام : ممنوعات ومکروہات اسلام

مصنف : مولانا ڈاکٹر شبیر احمد

ناشر : مکتبہ یادگار شیخ الاسلام پاکستان، علامہ شبیر احمد عثمانی، طبع اوّل ۲۰۱۱ء

قیمت وصفحات : درج، ۳۲۴ صفحات

ڈاکٹر صاحب کی شخصیت سے مجلہ علوم اسلامیہ کا ہر قاری آگاہ ہے اور مجلہ کی سرپرستی پر احسان مندی بھی، یہ فقہی مسائل پر مشتمل کتاب ہے، جس میں عہد حاضر میں پیش آنے والے مسائل کو معتدل انداز میں حل کیا گیا ہے، ڈاکٹر صاحب آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں امام وخطیب اور ڈائریکٹر ہیں، آپ کی متعدد کتب شائع ہو چکی ہیں، درس قرآن زیر ترتیب ہے، کتاب میں درج ذیل مباحث پیش کئے گئے ہیں۔ حرام ماکولات، مشینی ذبیحہ کی شرعی حیثیت، ممنوع مشروبات، لباس وزینت، ڈاڑھی کا نہ رکھنا، تصاویر اور مجسمے، کسب معاش، عقائد، طہارت و پاکیزگی، صلاۃ، نماز، زکوۃ، حج، حقوق العباد، معاشرت، کھیل وتفریح، حدود، نکاح، طلاق۔

کتاب میں اگر مکمل حوالے دے دیئے جاتے تو کتاب عوام وخواص سب کے لئے رہبری کا ذریعہ بن جاتی، اگلی طباعت میں اس کا اہتمام ہونا چاہئے، اسی طرح دیگر کتب جواب تک شائع نہیں ہوئی ہیں ان کی طباعت کا اہتمام کیا جانا چاہئے، تاکہ مسلمانوں کی اصلاح ورہنمائی ہو سکے۔ اس کوشش وکاوش پر مصنف اہل علم کی جانب سے مبارکباد کے مستحق ہیں۔

© rasailojaraid.com